روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ ہفتہ 28 مارچ، 2015ء

THE LINDE GROUP

Linde

اطلاع برائے سالانہ جلسئہ عام

بذریعہ ہذا اطلاع کیا جاتا ہے کہ Linde Pakistan Limited کا چھیاسٹھواں (٦٦واں) سالانہ جلسۂ عام بتاریخ ۲۹ر اپریل ۲۰۱۵ء، بروز بدھ، بوقت گیارہ بجے صبح کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ کراچی پر منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

عمومی کارروائی

۱۔ ۳۱ر دسمبر ۲۰۱۴ء کو کمپنی کے ختم ہونے والے سال کی فرد حسابات اور اُس پر ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹوں کی وصولی اور اُن پر غور۔

۲۔ کمپنی کے ڈائریکٹران کی سفارش کے مطابق ۳۱ر دسمبر ۲۰۱۴ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے ۱۰ روپے کے ہر عام حصّے پر تین روپے پچیس پیسے کے حتمی منافع کی ادائیگی پر غور اور اگر مناسب سمجھا گیا تو اُس کی منظوری دینا، جو اُن حصص یافتگان کو ادا کئے جائیں گے جن کے نام ۱۵ر اپریل ۲۰۱۵ء کو کاروباری اوقات کے خاتمے تک حصص یافتگان کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

۳۔ کمپنی کے آڈیٹران کا تقرر اور اُن کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

جمال اے قریشی

کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۲۷ر فروری ۲۰۱۵ء

نوٹس:

i۔ کمپنی ممبران کیلئے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے پارکنگ ایریا بمقام احاطہ پاکستان ریلوے، نادر سے ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر ہوگی جو ۲۹ر اپریل ۲۰۱۵ء کو ٹھیک سوا دس بجے صبح روانہ ہوگی۔

ii۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر ۱٦ر اپریل سے ۲۹ر اپریل ۲۰۱۵ء (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔

iii۔ سالانہ جلسہ عام میں شرکت، بولنے اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والے کسی بھی ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ میٹنگ میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ کسی کو عیوضی مقرر کردے۔ جسے میٹنگ میں بولنے اور ووٹ دینے کے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو ایک ممبر کو حاصل ہیں۔ عیوضی کے مؤثر ہونے کیلئے ہر لحاظ سے درست اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جلسہ شروع ہونے سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیئے۔ عیوضی کو لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہونا چاہیئے۔ ماسوائے اس صورتحال کے کہ کوئی کارپوریشن کمپنی کی ممبر ہو اور وہ اپنے کسی افسر یا کسی اور فرد کو عیوضی مقرر کردے چاہے وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو۔

iv۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونیوالی کسی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل، کراچی ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

v۔ مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، مورخہ ۲٦ر جنوری ۲۰۰۰ء میں درج رہنما ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔ تاہم ان رہنما ہدایات کو حصص یافتگان کو بھیجے جانے والے نوٹس میں شامل کردیا گیا ہے۔

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کی حوالگی (لازمی)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق حصص یافتگان کے CNIC نمبر ڈیویڈنڈ وارنٹس پر درج ہونا لازمی ہیں۔ اس لئے حصص یافتگان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے CNIC کی نقل (اگر پہلے جمع نہیں کرائی) کمپنی کے مذکورہ بالا شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ ممبر کے موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ایسے ممبران کو ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگی۔

ڈیویڈنڈ مینڈیٹ۔ الیکٹرونک طور پر کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (ای ڈیویڈنڈ۔ اختیاری)

SECP کے سرکلر نمبر 8(4) SM/CDC 2008 بتاریخ 5 اپریل 2013 کیمطابق کمپنی، حصص یافتگان کو مطلع کرنا چاہتی ہے کہ قانوناً وہ نقد منافع مقسمہ بذریعہ ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے بجائے براہ راست اپنے بینک کھاتوں میں وصول کرنے کے بھی مجاز ہیں۔ اسلئے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ یہ طریقہ اختیار کرتے ہوئے اس بابت ایک تحریری درخواست کمپنی کے شیئر رجسٹرار (سی ڈی سی) کو دیں جس میں ان کی تمام مطلوبہ تفصیلات بشمول نام، فولیو نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، ٹائٹل آف اکاؤنٹ اور بینک کا مکمل ڈاک کا پتہ موجود ہو۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی درخواستیں براہ راست اپنے متعلقہ بروکر (Participant) یا سی ڈی سی کو دیں۔

ای میل کے ذریعے آڈٹ شدہ سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور AGM کے نوٹس کی ترسیل کی رضامندی:

SECP نے ایس آر او نمبر 787(1)/2014، مورخہ 8 ستمبر 2014 کے تحت کمپنیز کو آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس (Annual Report) کے ہمراہ سالانہ جلسہ عام (AGM) کے نوٹس کی ترسیل بذریعہ ای میل کی بھی اجازت دے دی ہے۔ لہٰذا وہ تمام حصص یافتگان جو آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس (Annual Report) اور AGM نوٹس ای میل کے ذریعے حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں انہیں ایک بار پھر مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنی تحریری رضامندی اور ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھیج سکتے ہیں۔ حصص یافتگان کی سہولت کیلئے ایک "اسٹینڈرڈ درخواست فارم" کمپنی کی ویب سائٹ www.linde.pk پر فراہم کردیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں حصص یافتگان کی رضامندی حاصل کرنے کیلئے انکے رجسٹرڈ پتہ پر خطوط انفرادی طور پر پہلے ہی بھیج دیئے گئے ہیں۔

ڈیویڈنڈ کی رقم سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

سرکلر نمبر 19/2014 بتاریخ 24 اکتوبر 2014 میں درج SECP کی ہدایات کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں ہونے والی تبدیلیوں سے حصص یافتگان کو آگاہ کیا جاتا ہے، جس میں کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لیے مختلف شرحیں تجویز کی گئی ہیں:

a) انکم ٹیکس ریٹرنز فائل کرنے والوں کے لیے 10%

b) انکم ٹیکس ریٹرنز فائل نہ کرنے والوں کے لیے 15%

کمپنی کو کیش ڈیویڈنڈ پر 15% کے بجائے 10% ٹیکس کٹوتی کا مجاز بنانے کیلئے، تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں، اس امر کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ کیش ڈیویڈنڈ کی رقوم کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے ATL میں اپنے نام کا اندراج یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی 10% کے بجائے 15% کی شرح سے کی جائے گی۔ کسی بھی سوال/مسئلہ/معلومات کیلئے سرمایہ کار کمپنی اور/یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

CDC اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ حصص یافتگان کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کے بارے میں متعلقہ بروکر (Participants) یا سی ڈی سی کو مطلع کریں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئرز رکھنے والے حصص یافتگان اپنے NTN سرٹیفکیٹس کی نقول کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ حصص یافتگان NTN یا NTN سرٹیفکیٹس ارسال کرتے ہوئے کمپنی کا نام اور ان کے متعلقہ فولیو نمبرز ضرور درج کریں۔

manhattan